


# ملازمین کا رہنما کتابچہ: چارٹر کے کسی ممبر کے یہاں کام کرنا

## گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر

آپ گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر یعنی گریٹر مانچسٹر بہتر ملازمت کے منشور (Greater Manchester Good Employment Charter) کے ایک ممبر کے یہاں کام کر رہے ہیں۔ چارٹر ایک رضاکارانہ ممبرشپ اور تشخیصی اسکیم ہے، جس کا مقصد پورے گریٹر مانچسٹر میں کسی بھی سائز یا سیکٹر کی تمام تنظیموں کے لیے ملازمت کے معیاروں کو بہتر بنانا ہے۔

چارٹر بہتر ملازمت کے سات بنیادی اوصاف بیان کرتا ہے؛ آپ کے آجر نے ان میں ذکر کردہ اعلی ترین معیاروں پر کاربند رہنے کا عہد کیا ہے اور بتایا ہے کہ تمام معیاروں کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں کی گئی ہیں۔ ذیل میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ چارٹر کے ایک ممبر کے ملازم ہونے کی حیثیت سے آپ کن چیزوں کی توقع کر سکتے ہیں۔

**محفوظ کام** – آپ کا آجر محفوظ کام کی پیشکش کرتا ہے، مراسلات اور معاہدوں میں شفافیت، ضمانت شدہ کم از کم گھنٹوں، اور ان شرائط و ضوابط پر با قاعدہ نظر ثانی کے ذریعہ ملازمین کو ان کی آمدنی کے سلسلے میں تحفظ عطا کرتا ہے۔ اس طرح اسٹاف کو اپنا کام اور کام کے علاوہ دیگر ذمہ داریوں کا نظم و نسق مؤثر انداز میں کرنے کی صلاحیت حاصل ہوتی ہے۔

**لچک پذیر کام** – آپ کا آجر جہاں کہیں ممکن ہو کاموں کا خاکہ کچھ اس انداز میں تیار کرکے کام کو لچک پذیر بناتا ہے کہ لوگوں کے کام کرنے کی جگہ، وقت اور کام کرنے والے لوگوں کی تعداد میں گنجائشیں رہیں؛ جبکہ ملازمت کی شروعات سے ہی کام میں لچک پذیری کے امکان سے متعلق وضاحت کر دی جاتی ہے۔ ملازمین کو ایک واضح لچک پذیر کام کی پالیسی تک رسائی حاصل ہوتی ہے جو لچک پذیری کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، اسٹاف کو لچک پذیر انتظامات کی درخواست کرنے کا موقع دیتی ہے، اور اس طرح کے انتظامات پر باقاعدہ نظرثانی کی پیش کش کرتی ہے۔

**زندگی گزارنے کے لیے حقیقی اجرت** – آپ کا آجر اسٹاف کو زندگی گزارنے کے لیے حقیقی اجرت ادا کرتا ہے جیسا کہ Living Wage Foundationنے طے کر رکھا ہے۔

**شمولیت اور آواز** – آپ کا آجر ملازمین کی شمولیت اور آواز کا استعمال ایک پر اعتماد اور با اختیار افرادی قوت کی تشکیل کے لیے کرتا ہے۔ ملازمین کو مؤثر مواصلت اور مشاورت کے ذریعہ فیصلہ سازی اور تبدیلی کے نظم و نسق میں شامل کیا جاتا ہے، اور ٹریڈ یونینز کو تسلیم کیا جاتا ہے نیز ممکنہ طور پر جہاں کہیں قابل اطلاق ہو ان کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔

**تقرری** – آپ کے آجر کے پاس تقرری کے شاندار معمولات ہیں، جن میں امکانی ملازمین کو ایک شمولیتی، منصفانہ تقرری کی کارروائی میں شامل کیا جاتا ہے جو کہ قابل رسائی ہوتی ہے، مساوات اور مساوی حقوق کو ممکن بناتی ہے، غیر شعوری جانبداری کا خاتمہ کرتی ہے اور ایک متنوع افرادی قوت کی تعمیر میں مدد کرتی ہے۔

**لوگوں کا انتظام** – آپ کا آجر لوگوں کے شاندار انتظام اور اپنی افرادی قوت کے فروغ کو یقینی بناتا ہے، جس سے ملازمین کو واضح انتظامی اقدار اور متوقع طرز عمل کا پتہ چلتا ہے کام کی ایک ایسی جگہ کے حق کے ساتھ ساتھ جو کہ دھونس اور ہراسانی سے پاک ہو۔ تنظیمی ترقی پر زور دینے کے ساتھ ساتھ، تمام اسٹاف کو ایسی ٹریننگ فراہم کی جاتی ہے جو کہ انہیں مؤثر انداز میں اپنا کام کرنے اور ایسی مہارتوں اور تجربوں کو فروغ دینے کے قابل بناتی ہے جس سے آگے بڑھنے میں مدد ملتی ہے۔

**صحت وعافیت** – آپ کا آجر سرگرمی کے ساتھ ملازمین کی صحت وعافیت میں تعاون کرتا ہے۔ ملازمین کے پاس کام کی ایک ایسی جگہ میں ترقی کرنے کی قابلیت ہوتی ہے جہاں تبدیلیاں کی جاتی ہیں اور انفرادی ضرورتوں کو تسلیم کیا جاتا ہے؛ اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہ دماغی صحت اور عمومی صحت وعافیت پر کسی تنظیم کی وسیع تر قدروں اور اہداف کے تعلق سے غور وفکر لازمی ہے۔ جاری بات چیت، ٹریننگ اور نگرانی کی سہولت کاری کے لیے لائحۂ عمل موجود ہیں اور اندرونی اور / یا بیرونی تعاون دستیاب ہے۔

چارٹر کا ممبر بننے کے لیے آپ کے آجر نے موجودہ ہمہ گیر معیار کو پورا کیا ہے، جس سے بہتر ملازمت کے مذکورہ سبھی اوصاف کے تئیں ان کی عہد بستگی کا اظہار ہوتا ہے، مساوات، تنوع اور شمولیت جن کی خصوصیت ہے۔ ممبرشپ کی مخصوص شرائط سے متعلق مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی ملاحظہ کریں گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر کی ویب سائٹ.

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کا آجر بہتر ملازمت کے معیاروں کو پورا کرنے کے لیے اپنا وعدہ پورا نہیں کر رہا ہے تو ہماری صلاح ہے کہ آپ سب سے پہلے اپنے مینیجر/ آجر سے بات کریں۔ اگر آپ کے پاس اب بھی تشویشات ہوں تو برائے مہربانی گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر یونٹ سے یہاں رابطہ کریں۔

تعاون یافتہ بذریعہ

European Commission

GMCA GREATER MANCHESTER COMBINED AUTHORITY

ANDY BURNHAM MAYOR OF GREATER MANCHESTER